از دفتر مہتمم جنگلات پونچھ ڈویژن راولاکوٹ

ٹینڈر نوٹس کشتی رانی چھوٹا گلہ جھیل

ڈویژن ہذا کو موضع چھوٹا گلہ/ بنجوسہ جھیل میں کشتی رانی کیلئے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جو کہ انکم ٹیکس اور GST فائلر ہوں سے AJK PPRA RULES کی شق نمبر 21 اور AJK PPRA RULES کی شق نمبر 22 کے تحت Single Stage One Envelope Procedure 36(a) کے تحت محکمانہ تصریحات و شرائط کے مطابق بتاریخ 14/12/2023 بروز جمعرات بوقت 12 بجے دن تک دفتر مہتمم جنگلات پونچھ فاریسٹ ڈویژن راولاکوٹ سپلائی بازار/ نزد آفیسر کالونی مہر بند لفافہ ٹینڈرز/ Bids مطلوب ہیں جو اسی روز آمدہ ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کے روبرو بوقت 1:00 بجے دن تک کھولے جائیں گے۔ AJK PPRA RULES کی شق نمبر 23(5) کے تحت ٹینڈر فارم/ Bididng Documents دفتری اوقات کار کے دوران دفتر مہتمم جنگلات پونچھ فاریسٹ ڈویژن راولاکوٹ سے بتاریخ 08/12/2023 تا 13/12/2023 بالعوض پرنٹنگ چارجز مبلغ -/1000 روپے فی فارم (نا قابل واپسی) حاصل کیے جاسکتے ہیں اشتہار ہذا میں AJK PPRA RULES کی شق نمبر 13 کے تحت ٹینڈر اشتہار کی تاریخ اشاعت سے پندرہ ایام بطور Bid Response Time کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

<u>شرائط/ قواعد:۔</u>

1) AJK PPRA RULES کی شق نمبر 25 کے تحت ٹینڈر کے ہمراہ ٹھیکہ کی کل مالیت کا چار فیصد بشکل کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) کسی بھی شیڈول بنک سے بنام زیر دستخطی جمع کروانا لازمی ہوگا کامیاب ٹینڈر دہندہ کی کال ڈیپازٹ زیر دستخطی کے پاس محفوظ رہے گی۔

2) کسی بھی بلیک لسٹ شدہ ٹھیکیدار کو ٹینڈر فارم جاری نہیں کیا جائے گا خواہشمند ٹھیکیداران اس امر کی تصدیق کے لیے درخواست برائے حصول ٹینڈر فارم کے ساتھ مصدقہ بیان حلفی شامل کرنے کے پابند ہوں گے۔

3) کشتی رانی کا سرکاری ریٹ/ ریزرو ریٹ رقمی -/1800000 (اٹھارہ لاکھ) روپے سالانہ مقرر کیا جاتا ہے جس ٹھیکیدار کا ریٹ دیگر ٹھیکیداران اور ریزرو ریٹ سے زیادہ ہو گا کشتی رانی کا ٹھیکہ اس کو الاٹ کر دیا جائے گا حاصل شدہ رقم گورنمنٹ اکونٹ 101 میں جمع کروائی جائے گی جو قابل واپسی نہ ہوگی۔

4) Areement, Bidding Documents اور ورک آرڈر میں مندرج مطلوبہ معیار برقرار نہ رکھنے کی صورت میں تحت ضابطہ کارروائی کرتے ہوئے کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کی جاسکتی ہے اور بلیک لسٹ قرار دیے جانے کی کارروائی بھی ہوسکتی ہے۔

5) مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کوئی بھی ٹینڈر مطابق PPRA رولز شق نمبر 33 کے تحت منظور یا مسترد کر سکتی ہے۔

6) ٹھیکیدار کشتی رانی کے لیے تجربہ کار ملاح جو کم سے کم ایک سال کا تجربہ رکھتا ہو کا بندوبست کرے گا جو صبح 9 بجے سے نماز مغرب سے قبل تک سیاحوں کی سہولت کے لیے استعمال میں لائی جائیں گی بعد نماز مغرب کشتی رانی پر پابندی عائد ہوگی۔

7) کامیاب ٹھیکیدار ٹھیکہ کی مالیت کا نو فیصد (9%) بطور سروس چارجز نا قابل واپسی الگ سے ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

8) حفاظتی نقطہ نگاہ سے ٹھیکیدار ہر سوار کے لیے لائف جیکٹس مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

9) کسی قسم کے حادثہ کی صورت میں تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی اور حکومت آزاد کشمیر/ محکمہ جنگلات راولاکوٹ حادثہ کی صورت میں قطعاً کسی قسم کے معاوضہ کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔
کامیاب ٹھیکیدار اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ تجربہ کار ملاح اور تکنیکی طور پر صحیح حالت/ اچھی کوالٹی والی کشتیاں ہی مہیا کرے۔

10) ٹھیکیدار مقررہ شرح سے زائد کرایہ وصول نہیں کرے گا اگر ایسا ثابت ہو گیا تو اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

11) کامیاب ٹھیکیدار شرائط مندرجہ ٹینڈر فارم/ اقرار نامہ/ Bidding Documents پر کاربند ہونے کا پابند ہوگا۔

12) شرح کرایہ -/50 روپے فی سواری فی ٹرپ ہوگا جبکہ پیڈل بورڈ فی ٹرپ -/200 روپے سے زائد نہ ہوگا۔ جو کہ ریزرو کمیٹی کا تعین کردہ ہے۔

13) جھیل میں موٹر سے چلنے والی کشتی کی اجازت نہ ہوگی۔ تاہم ایمرجنسی اور ریسکیو کے لیے ایک کشتی (موٹر بوٹ) موجود رہے گی۔

14) ٹھیکیدار جملہ عملہ بابت کشتی رانی کی فہرست دفتر ہذا میں جمع کروائے گا اور محکمہ کے اجازت کے بغیر کسی فرد/ افراد کو کام پر نہیں رکھے گا اور نہ ہی کسی کے ساتھ پارٹنر شپ کرنے کا مجاز ہوگا۔ نیز جملہ غیر ریاستی عملہ کی Verification پولیس سے کروانے کا پابند ہوگا۔

15) ٹھیکیدار اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ معاہدہ نامہ کی معیاد پوری ہونے پر بلا تاخیر سائیٹ خالی کردے۔

16) یہ ٹینڈر عرصہ ایک سال (دسمبر 2023 تا دسمبر 2024) تک کے لیے موثر ہوگا۔

17) سرکاری ریٹ/ ریزرو ریٹ سے کم ریٹ ڈالنے والے ٹھیکیدار کا ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

18) کامیاب ٹھیکیدار پر جملہ رائج الوقت تمام تر ٹیکسز لاگو ہوں گے۔

19) کامیاب ٹھیکیدار کو کل مالیت ٹھیکہ کی رقم سہ ماہی بنیادوں پر ادا کرنا ہوگی۔ اور ہر سہ ماہی کی قسط ایڈوانس وصول کی جائے گی۔

20) جھیل میں زیادہ سے زیادہ پندرہ (15) کشتیاں ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

21) ٹھیکیدار کسی قسم کی عدالتی کارروائی نہ کرنے پابند ہوگا اور کسی نزاع کی صورت میں جناب ناظم جنگلات پونچھ (چیئرمین کمیٹی) کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

ڈویژنل فاریسٹ آفیسر پونچھ راولاکوٹ
05824920156